© rasailojaraid.com

حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب عاجزؔ

دل کی آوارگی جو عام ہوئی
عقل بھی جہل کی غلام ہوئی

صبح کا منظر نظر افروز
ابھی دیکھا نہ تھا کہ شام ہوئی

قوم وہ جو بلند سیرت تھی
غرقِ چنگ و رباب و جام ہوئی

تب سے احساسِ زندگی پایا
زندگی جب سے تیرے نام ہوئی

سر اٹھایا کبھی جو باطل نے
حق کی تلوار بے نیام ہوئی !

مقصدِ زیست جس گھڑی سمجھے
مہلتِ زیست اختتام ہوئی

جب سے شرم و حیا ہوئی رخصت
بے حجابی جہاں میں عام ہوئی

زندگی جو کہ اک تمنّا تھی
آہ نذرِ خیالِ خام ہوئی

رازِ صبر و رضا جہاں سمجھا !
لب کشائی وہیں حرام ہوئی !

ہر طرف قبر کا اندھیرا ہے
جب سے شرحِ سوادِ شام ہوئی

لذتِ معصیت گھڑی بھر کی
باعثِ حسرتِ دوام ہوئی

زندگی کی تلاش میں عاجزؔ
آخرش زندگی تمام ہوئی

© rasailojaraid.com